# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 23 March-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۳/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** **** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ وزیر اعلیٰ نے ناگپور میں امن کو خراب کرنے والے فسادیوں پر سخت کارروائی کی دی ہدایت۔

☆ مرکزی حکومت نے یکم اپریل سے پیاز کی برآمد پر 20 فیصد ایکسپورٹ ڈیوٹی ہٹانے کا کیا فیصلہ۔

☆ سی۔ڈوپلر ریڈر جلد ہی چھترپتی سمبھاجی نگر کے مہیسمال میں کام کرے گا۔رکن پارلیمان ڈاکٹر بھاگوت کراڑ کا بیان۔

☆ رائل چیلنجز بنگلورو نے آئی پی ایل ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں کولکتہ نائٹ رائیڈرس کو دی شکست۔

☆ وہیں دوسری جانب مہاراشٹر کے کھلاڑیوں نے کھیلو انڈیا پیرا اسپورٹس چمپئن شپ میں جیتے 4 / گولڈ میڈلز۔

***** **** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ریاست کے وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ناگپور میں خلل ڈالنے والے فسادیوں کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت دی ہے۔وزیر اعلیٰ کل ناگپور میں جائزاتی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔وزیر اعلیٰ نے مستقبل میں ایسے واقعات دوبارہ رونما نہ ہوں اس کے لیے کارروائی کی ہدایت دی تاکہ امن وامان کا مسئلہ پیدا نہ ہو۔فسادات میں املاک اور گاڑیوں کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے۔انہوں نے ناگپور فساد میں ہوئے نقصانات کا پنچ نامہ کرنے اور آئندہ 3 تا 4 دنوں میں متاثرین کو معاوضہ ادا کرنے کی ہدایت دی۔پھڑنویس نے میونسپل کارپوریشن، ضلع انتظامیہ اور پولس محکمے کو مشترکہ طور پر کارروائی کرنے اور فسادیوں سے نقصان بھرپائی وصول کرنے کی بھی ہدایت دی۔

انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر قابل اعتراض مواد پوسٹ کرنے والوں پر بھی فساد بھڑکانے کے الزام میں کارروائی کی جائے گی۔پھڑنویس نے کہا ۔۔وائس کاسٹ۔۔

***** **** *****

مرکزی حکومت نے یکم اپریل سے پیاز کی برآمد پر 20% ایکسپورٹ ڈیوٹی ہٹانے کا فیصلہ کیا ہے۔صارفین کے اُمور کی مرکزی وزارت نے اس سلسلے میں حکمنامہ جاری کیا ہے۔یہ ڈیوٹی 13 ستمبر 2024 سے وصول کی جا رہی تھی۔مالی سال 24-2023 میں ملک سے 17 لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ پیاز برآمد کی گئی وہیں رواں مالی سال میں 18 مارچ تک 11 لاکھ میٹرک ٹن پیاز برآمد کی گئی ہے۔بڑھتی ہوئی پیداوار کے سبب اس ماہ لاسل گاؤں اور پمپل گاؤں کے زرعی بازاروں میں پیاز کی قیمتوں میں کمی آئی ہے۔

***** **** *****

قومی امداد باہمی کارخانوں کی تنظیم کے صدر ہرش وردھن پاٹل نے کہا ہے کہ ریاست میں شکر کی پیداوار میں کمی واقع ہونے سے شکر کارخانوں کے سامنے کئی سال کھڑے ہوگئے ہیں۔ وہ کل پونے میں بول رہے تھے۔انہوں نے بتایا کہ وہ اس تعلق سے امداد باہمی وزیر امت شاہ کی خصوصی موجودگی میں ایک میٹنگ کے انعقاد کے لئے گذارش کریں گے۔

***** **** *****

راشٹر وادی کانگریس پارٹی (شرد چندر پوار گروپ) کی رکن پارلیمان سپریہ سلے نے مطالبہ کیا ہے کہ لوک سبھا حلقوں کی تنظیم نو کو منصفانہ طریقے سے کیا جانا چاہئے۔اس سلسلے میں تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹیلن کی طرف سے بلائی گئی پہلی آل پارٹی میٹنگ کل چنئی میں ہوئی۔اس پس منظر میں سلے ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہی تھیں۔انہوں نے کہا کہ اگر آبادی کی بنیاد پر حلقے دوبارہ بنائے گئے تو بقیہ ریاستوں کو زیادہ آبادی والی ریاستوں کے مقابلے میں کم نمائندگی ملے گی۔

***** **** *****

سینئر ماہر اقتصادیات ڈاکٹر وجئے کیلکر کو اکونامیکس میں ان کی شاندار خدمات کے لیے سال 2025 کے پنیہ بھوشن ایوارڈ ز سے نوازا جائے گا۔ پنیہ بھوشن ادارے کے بانی صدر ڈاکٹر ستیش دیسائی نے ایک مکتوب کے ذریعے کل یہ اطلاع دی۔اس ایوارڈ کا یہ 37 واں برس ہے۔تقسیم انعام کی تقریب جلد منعقد کی جائے گی۔جس میں 4 فوجیوں کو اعزاز سے نوازا جائے گا جو سرحد پر فرائض انجام دیتے ہوئے زخمی ہوئے۔ساتھ ہی ایک ویر ماتا یعنی بہادر کو بھی معززین کے ہاتھوں ایوارڈ دیا جائے گا۔

***** **** *****

بجلی کمپنی مہاوترن کو سینٹرل اریگیشن اینڈ پاور بورڈ نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی کمپنی کے اعزاز سے نوازا۔تقسیم انعامات کی تقریب کل نئی دہلی میں منعقد ہوئی۔ریاست کے محکمہ توانائی کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری آبھا شکلا نے یہ ایوارڈ قبول کیا۔اس موقع پر مہاوترن کے ایگزیکیٹو ڈائریکٹر دتاترے پڈالکر موجود تھے۔چیئر مین اور مینیجنگ ڈائریکٹر لوکیش چندرا نے مہاوترن کے اعزاز پر وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا شکریہ ادا کیا اور مہاوترن کے افسران وملازمین کو مبارکباد دی۔

***** **** *****

رکن پارلیمان ڈاکٹر بھاگوت کراڑ نے کہا ہے کہ موسم کی درست پیش گوئی کو یقینی بنانے کے لیے چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے مہیسمال میں ایک سی۔ ڈوپلر رڈار کام کرے گا۔وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ مراٹھواڑہ خشک سالی کا شکار خطہ ہے۔ جو موسمیاتی تبدیلیوں اور اس کے اثرات کے لیے حساس ہے۔ڈاکٹر کراڑ نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی زرعی معیشت کے لیے ایک تشویشناک مسئلہ ہے۔محکمہ جنگلات نے اس رڈار کی تنصیب کے لیے جگہ فراہم کی ہے۔انہوں نے بتایا کہ ڈوپلر کی تنصیب کے بعد 400 کلومیٹر تک کی صفائی حدود کو اسکین کیا جا سکے گا۔

***** **** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** **** *****

ناسک کے سماجی کارکن رتن لتھ نے بامبے ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی ہے کہ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے خلدآباد میں واقع اورنگ زیب کی قبر کا قومی یادگار کا درجہ منسوخ کیا جائے۔انہوں نے مرکزی حکومت کی جانب سے 1951 میں کئے گئے فیصلے کو چیلنج کیا ہے۔انہوں نے درخواست میں کہا کہ صرف چند افسران کی رپورٹ پر یہ درجہ دیا گیا ہے۔جبکہ یہ فیصلہ کرتے ہوئے اس وقت کے عوامی نمائندوں کی رضامندی نہیں لی گئی۔

***** **** *****

جالنہ کے معروف اردو شاعر آنجہانی رائے ہریش چندر ساہنی کی یاد میں دیا جانے والا دُکھی اسٹیٹ پوئٹری ایوارڈ، ناسک کے شاعر اور نغمہ نگار پرکاش ہولکر کو دیا گیا۔وہیں N.D. Mahanur State Award کیلئے کولہاپور کے ادیب رفیق سورج کا نام ظاہر کیا گیا ہے۔ان ایوارڈ کا اعلان کل جالنہ میں کیا گیا۔دونوں انعامات نقد رقم اور یادگاری نشان کی شکل میں ہے۔ایوارڈس گڈی پاڑوہ کے موقع پر جالنہ میں تقسیم کئے جائیں گے۔

***** **** *****

رواں برس کے گیان پیٹھ ایوارڈز کے لئے ہندی کے مشہور شاعر اور مصنف ونود کمار شکل کے نام کا اعلان کیا گیا ہے۔یہ اعزاز 88 برس کے شکل حاصل کرنے والے ہندی کے 12 ویں اور چھتیس گڑھ کے پہلے تصنیف کار ہے۔ان کے ناولس، دیوار میں ایک کھڑکی، نوکر کی کمی، اور سب کچھ ہونا بچا رہے گا مشہور تصانیف ہے۔

***** **** *****

رائل چیلنجرس بنگلورو نے کل انڈین پریمئر لیگ آئی پی ایل کرکٹ کے 18 ویں سیزن کے افتتاحی میچ میں کولکتہ نائٹ رائڈرس کو 7 وکٹوں سے شکست دیدی۔کولکتہ میں کھیلے گئے اس میچ میں کولکتہ کی ٹیم نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 174 رنز بنائے۔جوابی کھیل کے دوران بنگلورو کی ٹیم نے یہ ہدف 17 ویں اوورس میں 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔

***** **** *****

میونسپل کارپوریشن نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں زرعی پیداوار مارکیٹ کمیٹی کے دفتر اور سیکریٹری کے دفتر کو املاک ٹیکس کے بقایہ جات ادا نہ کرنے کے سبب سیل کردیا۔مارکیٹ کمیٹی پر 10 رکروڑ 3 لاکھ 47 ہزار 423 روپئے ٹیکس بقایہ ہے۔اس لئے یہ کاروائی کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر جی۔شری کانت کے حکم کے مطابق اور ڈپٹی کمشنر اپرنا تھیٹے کی رہنمائی میں کی گئی۔اسی دوران چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی لوک عدالت میں کل 54 لاکھ روپئے مالیت کے 44 مقدمات کا تصفیہ کیا گیا۔کارپوریشن کی رپورٹ کے مطابق ٹربیونل نے طے شدہ کیسیز میں فریقین کو سود میں 25 فیصد کی رعایت دی ہے۔

***** **** *****

پولس سپرنٹنڈنٹ نونیت کاوت کی زیر صدارت کل بیڑ میں امن کمیٹی کی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر کاوت نے سوشل میڈیا پر قابل اعتراض اسٹیٹس رکھنے والوں یا ریلس اور ویڈیوز پوسٹ کرنے والوں پر قانونی کاروائی کرنے کی وارننگ دی ہے۔ایس پی نے بزرگ شہریوں سے معاشرے میں سماجی ہم آہنگی اور امن برقرار رکھنے کی خاطر رہنما کا کردار ادا کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** **** *****

بیڑ گیورائی روڈ پر کل ایک تیز رفتار کار پل سے ٹکرا گئی۔اس حادثے میں دو افراد ہلاک اور 5 زخمی ہوگئے۔حادثہ کل صبح رانجنی پھاٹے کے قریب اس وقت پیش آیا جب ناسک ضلع کے سنر سے عقیدت مند درشن کیلئے تلجاپور جا رہے تھے۔

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیراعلیٰ نے ناگپور میں امن کو خراب کرنے والے فسادیوں پر سخت کارروائی کی دی ہدایت۔

☆ مرکزی حکومت نے یکم اپریل سے پیاز کی برآمد پر 20 فیصد ایکسپورٹ ڈیوٹی ہٹانے کا کیا فیصلہ۔

☆ سی۔ ڈوپلر ریڈر جلد ہی چھترپتی سمبھاجی نگر کے مہیسمال میں کام کرے گا۔ رکن پارلیمان ڈاکٹر بھاگوت کراڑ کا بیان۔

☆ رائل چیلنجز بنگلورو نے آئی پی ایل ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں کولکتہ نائٹ رائیڈرس کو دی شکست۔

☆ وہیں دوسری جانب مہاراشٹر کے کھلاڑیوں نے کھیلو انڈیا پیرا اسپورٹس چمپئن شپ میں جیتے 4 ر گولڈ میڈلز۔

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****